جنگلی حیات کو کھانا نہ ڈالیں

کویوٹس یا کسی بھی جنگلی حیات کو کھانا نہ ڈالیں

سٹی آف برامپٹن کے ضمنی قوانین کے مطابق، جنگلی حیات کو کھانا ڈالنا ممنوع ہے۔ رہائشیوں کو کسی بھی حالت میں جنگلی حیات بشمول گلہریوں، گِیز، بطخوں، لومڑیوں یا کویوٹس کو کچھ بھی نہیں کھلانا چاہیے۔ اس سے انسانوں اور جانوروں، دونوں کے لیے خطرناک صورتحال پیدا ہو جاتی ہے۔

درج ذیل خدشات پیدا ہو سکتے ہیں:

- جانور کھانے کیلئے انسانوں پر انحصار کرنا شروع کر دیتے ہیں
- ان کا خوف نکل جاتا ہے اور وہ انسانوں سے مانوس ہو جاتے ہیں، جو ممکنہ طور پر خطرات کا باعث بن سکتا ہے
- انسانوں کو خوراک کا ذریعہ سمجھ بیٹھتے ہیں، جس کی وجہ سے جانور خطرناک یا جارحانہ بن سکتے ہیں

سٹی آف برامپٹن ایک ایسی ماحول دوست اور لچکدار کمیونٹی کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے، جہاں ہمارے رہائشی جنگلی حیات اور قدرتی ماحولیاتی نظام کے ساتھ محفوظ طریقے سے لطف اندوز ہوتے ہوئے زندگی گزارنے کے قابل ہوں۔

سرفہرست دس زبانوں میں معلومات کے لیے، نیچے دیا گیا QR کوڈ اسکین کریں۔



brampton.ca مزید جاننے کے لیے ملاحظہ کریں:

کسی بھی وقوعہ کی اطلاع دینے کے لیے **3-1-1** پر کال کریں۔

BRAMPTON